اسلامی تعلیمات پہنچا رہے ہیں - نماز نمبر اسلام کی اہم بنیادی عبادت سے متعلق ہے - اس نمبر میں مطبوعی معلومات بھی ہیں اور لطیف نگارشات بھی - زبان سادہ اور آسان ہے - یہ نمبر ڈائجسٹ سائز پر نکالا گیا ہے - نماز کی افادیت کو صحت اور عقل کے نقطۂ نظر سے بھی واضح کیا گیا ہے - کلماتِ نماز، مسائلِ نماز، طریق ادائیگی اور خشوع و خضوع کے متعلق بہت سی مفید باتیں اس نمبر میں جمع ہیں -

دھیمی رفتار سے چلتی ہوئی تحریک نماز کو اس طرح کے خاص نمبروں اور ایسی کتابوں سے تقویت مل سکتی ہے -

---

ہمارے فرائض اور ہمارے حقوق — مؤلف: حافظ نذر احمد - پرنسپل شبلی کالج لاہور - ناشر: اسلامی اکادمی اردو بازار، لاہور، و مسلم اکادمی، محمد نگر، لاہور - صفحات: ۳۳۶ - خوبصورت جلد - قیمت: ۳۳/- روپے

ہر حق سے ایک فرض پیدا ہوتا ہے اور ہر فرض کے مقابلے میں کوئی نہ کوئی حق ہوتا ہے - حقوق و فرائض کے صحیح توازن ہی سے اسلامی زندگی تشکیل پاتی ہے - آج ہر طبقہ اور ہر فرد اپنے حقوق کا طلب گار نظر آتا ہے، مگر کسی کو اپنے فرائض کی طرف توجہ نہیں ہے - اسلام میں فرائض اولیت رکھتے ہیں - یعنی اپنا فرض تو بہر حال آپ کو پورا کرنا ہے، اس کے ساتھ اپنا حق حاصل کرنے کی بھی تگ و دو کیجیے، لیکن اگر حق نہ بھی ملے تو بھی فرض ادا کرنا ضروری ہے -

پورا اسلام نام ہی حقوق و فرائض کی تعلیم کا ہے - اس حقیقت کی وضاحت اس کتاب سے ہوتی ہے مؤلف نے زندگی کے ہر شعبے اور ہر منصب کے متعلق حقوق و فرائض کو کتاب و سنت کے دلائل سے واضح کیا ہے - خدا، رسولؐ اور قرآن کے علاوہ علماء، اہل کتاب، سائل، میت، ماں باپ، اولاد، زوجین، استاد شاگرد، مقرر اور خطیب، بیمار اور تیمار دار اور تاجر و گاہک، حتیٰ کہ جانوروں تک کے حقوق بیان کیے گئے ہیں - ساتھ ہی اہل فرض کے فرائض بھی - ریاست اور قیادت اور ووٹر کے حقوق و فرائض بیان کرکے مرتب نے اس کتاب میں اہم اوراق کا اضافہ کیا ہے -

---

خدا حاضر ناظر ہے یا رسولِ خدا؟ — مؤلف و ناشر: چوہدری محمد سرفراز خاں -

پتہ: موضع کالرہ کلاں - ضلع گجرات - ص ۲۷ - قیمت: ۵/- روپے